کمپیوٹراستعمال کرنے والوں کے لئے ماہانہ سیکیورٹی تعلیم کا نیوز لیٹر

OUCH!

اس شمارے میں شامل ہے:

- جائزہ
- کلاؤڈ پرووائیڈر کا انتخاب کرنا
- اپنی معلومات کو محفوظ کرنا

کلاؤڈ کا محفوظ استعمال

جائزہ

"کلاؤڈ"ایک بہت طاقتور ٹیکنالوجی ہے جسے لوگ اور تنظیمیں بہت تیزی سے اپنا رہے ہیں۔ "کلاؤڈ" کا مطلب مختلف لوگوں کیلئے مختلف ہوسکتا ہے لیکن عموماً اس کا مطلب انٹرنیٹ پر ایسے سروس پرووائڈر کا استعمال کرنا ہے جسکے زریعے آپ اپنی معلومات کو محفوظ اور منظم کر سکیں۔ کلاؤڈ کا ایک فائدہ یہ ہے کہ آپ نہ صرف باآسانی اپنی معلومات تک رسائی مختلف ڈیوائیسزکے زریعے دنیا بھر میں کہیں سے بھی کر سکتے ہیں بلکہ آپ کسی کے ساتھ بھی اپنی معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ ان سروسز کو "کلاؤڈ" کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اکثر آپ کو یہ پتہ نہیں ہوتا ہے کہ آپ کی معلومات اصل میں کس جگہ پر محفوظ ہیں۔ کلاؤڈ کمپیوٹنگ کی مثالوں میں گوگل ڈاکس پر دستاویزات بنانا، ڈراپ باکس کے زریعے فائلز کا اشتراک کرنا، Amazonکلاؤڈ پر اپنا ذاتی سرور قائم کرنا یا Apple iCloudپر اپنی تصاویر یا موسیقی کو محفوظ کرنا شامل ہے۔ ان آن لائن سروسز میں آپ کو کہیں زیادہ فعال بنانے کی صلاحیت ہوتی ہے- تاہم اُنکے ساتھ کچھ منفرد خطرات بھی لاحق ہوتے ہیں۔ اس شمارے میں ہمنے یہ بتایا ہے کہ آپ کلاؤڈ کو محفوظ طریقے سے کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔

مہمان ایڈیٹر

جیمس اور کیلی ٹرالا (**@isaudit** / **@kellitarala**) انکلیو سکیورٹی میں پرنسپل کنسلٹینٹ ہیں اور SANSانسٹیٹیوٹ کے کئی تدریبی کورسز تصنیف کرچکے ہیں جن میں SANSآڈٹ Implementing and Auditing:566 the Twenty Critical Security Controlsاور MGT 415: A Practical Introducation to Risk Assessments شامل ہیں-

کلاؤڈ پرووائڈر کا انتخاب کرنا

کلاؤڈ نہ تو اچھا ہوتا ہے اور نہ ہی برا، یہ گھر اور دفتر میں کام کرنے کا ایک اوزار ہے۔ تاہم جب آپ یہ سروسز استعمال کر رہے ہوتے ہیں تو آپ اپنی ذاتی معلومات اجنبی لوگوں کے حوالے کر رہے ہوتے ہیں اور آپ اُن سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ اُسے محفوظ اور ہر وقت دستیاب رکھیں۔ آپ اس بات کا یقین کرنا چاہتے ہیں کہ آپ سمجھداری سے اس کا انتخاب کررہے ہیں- اپنے دفتر کے کمپیوٹر یا دفتر سے متعلق معلومات کیلئے اپنے سپروائزر سے رابطہ کریں اور پتہ کریں کہ آیا آپ اس حوالے سے کلاؤڈ سروس استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں- اگر آپ کو کلاؤڈ استعمال کرنے کی اجازت ہے تو اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ کون سی کلاؤڈ سروس کا استعمال کرسکتے ہیں اور اُنہیں استعمال کرنے کیلئے کیا پالیسیز ہیں۔ اگر آپ اپنے ذاتی استعمال کیلئے کلاؤڈ کی سروس کو استعمال کرنا چاہ رہے ہیں تو آپ مندرجہ ذیل اقدامات اپنائیں۔

۱. **سپورٹ:**کسی سے مدد حاصل کرنا یا کسی سوال کا جواب لینا کتنا آسان ہے؟ کیا کوئی ایسا نمبر ہے جس پر آپ کال کرسکتے ہیں یا کوئی ایسا ای میل ایڈریس جسکے زریعے آپ رابطہ کرسکتے ہیں؟ کیا سپورٹ حاصل کرنے کے متبادل طریقے موجود ہیں جیسے کہ پبلک فورمز یا ویب سائٹ پر(FAQs (Frequently Asked Questions؟

۲. **سادگی:**سروس کا استعمال کتنا آسان ہے؟ جتنی پیچیدہ سروس ہوگی اتنے ہی زیادہ آپکے غلطی کے امکانات بڑھ جائیں گے اور آپ حادثاتی طور پر

کلاؤڈ کا محفوظ استعمال

اپنی معلومات کو بے نقاب کردیں گے یا کھودیں گے۔ آپ ایسے کلاؤڈ پرووائڈر کو استعمال کریں جسے آپ کے لیے سمجھنا، کنفیگر کرنا اور استعمال کرنا آسان ہو۔

۳. **سکیورٹی:** آپ کی معلومات آپ کے کمپیوٹر سے کلاؤڈ پر کیسے منتقل ہوگی، کیا یہ کنیکشن انکرپشن کے زریعے محفوظ ہے؟ آپ کی معلومات کلاؤڈ میں کیسے محفوظ ہوتی ہیں، کیا وہ انکرپٹڈ ہیں اور اگر ہیں تو اُن معلومات کو ڈیکرپٹ کون کرسکتا ہے؟

۴. **سروس استعمال کرنے کی شرائط:** آپ تھوڑا وقت نکال کر سروس استعمال کرنے کی شرائط کا جائزہ لیں (وہ اکثر حیرت انگیز طور پر پڑھنے میں آسان ہوتی ہیں)- آپ اس بات کی تصدیق کرلیں کہ آپ کی معلومات تک کون رسائی حاصل کرسکتا ہے اور آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔



کلاؤڈ آپ کی معلومات تک رسائی بڑھا سکتا ہے اور آپ کو مزید فعال کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے لیکن آپ اپنی معلومات محفوظ کرنے اور اُس کا اشتراک کرنے میں احتیاط برتیں۔

اپنی معلومات کو محفوظ کرنا

ایک بار کلاؤڈ سروس منتخب کرنے کے بعد آپ کے لیے اگلا قدم اُس سروس کا صحیح استعمال ہوگا- آپ اپنی معلومات تک رسائی کیسے حاصل کرتے ہیں اور اُس کا اشتراک کیسے کرتے ہیں، اس بات کا اکثر جتنا زیادہ گہرا اثر اُن فائلز کی سکیورٹی پر پڑتا ہے کسی اور چیز پر نہیں پڑتا۔ چند اہم اقدامات جنہیں آپ اپنا سکتے ہیں وہ یہ ہیں۔

۱. **اوتھنٹیکیشن:** آپ اپنے کلاؤڈ کے اکاؤنٹ کی اوتھنٹیکیشن کے لیے منفرد اور مضبوط پاس فریز کا استعمال کریں۔ اگر آپ کا کلاؤڈ پرووائڈر Two-step Verification فراہم کرتا ہے تو ہمارا پُر زور مشورہ ہے کہ آپ اسے فعال کردیں۔

۲. **فائلز اور فولڈرز کا اشتراک کرنا:** کلاؤڈ نے آپ کے لیے شیئرینگ کو بہت آسان کردیا ہے۔ سب سے بری صورتحال یہ ہوسکتی ہے کہ آپ حادثاتی طور پر اپنی فائلز یا پورے فولڈر کو پورے انٹرنیٹ پر دستیاب کردیں۔ اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ شروع میں کسی بھی فائل کا اشتراک کسی سے نہیں کریں۔ پھر ضرورت پڑنے پر صرف مخصوص لوگوں (یا لوگوں کے گروپ) کو مخصوص فائلز یا فولڈرز تک رسائی فراہم کریں۔ جب کسی کو اُن فائلز تک مزید رسائی نہیں چاہیئے ہوتو اُنہیں وہاں سے ہٹا دیں۔ آپ کے کلاؤڈ پرووائڈر کو ایسا آسان طریقہ فراہم کرنا چاہیئے جس کے زریعے آپ کو پتہ چل سکے کہ آپ کی فائلز اور فولڈرز تک کس کس کو رسائی حاصل ہے۔

۳. **لنکس کا استعمال کرتے ہوئے فائلز/فولڈرز کا اشتراک کرنا:** کچھ کلاؤڈ سروسز کی مشترکہ خصوصیات ایک ایسا ویب لنک تخلیق کرنے کی صلاحیت ہے جو آپ کی فائلز یا فولڈرز کی طرف نشاندہی کرے۔ اس خصوصیت کے زریعے آپ ان فائلز کا صرف ایک ویب لنک کے زریعے کسی کے ساتھ بھی اشتراک کر سکتے ہیں۔ تاہم اس طریقہ کار میں حفاظت بہت کم ہوتی ہے۔ کوئی بھی شخص جسے اس لنک کا پتہ ہو، اسے آپ کی ذاتی فائلز یا فولڈرز تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اگر آپ لنک صرف ایک شخص کو بھیجتے ہیں تو وہ شخص اُس لنک کا اشتراک دوسروں کے ساتھ کر سکتا ہے یا وہ سرچ انجن میں بھی نظر آسکتا ہے۔ اگر آپ لنک کے زریعے معلومات کا اشتراک کرتے ہیں تو اس بات کی یقین دھانی کرلیں کہ جب اس لنک کی مزید ضرورت نہ ہو تو آپ اسے غیر فعال کردیں یا اگر ممکن ہو تو اس لنک کو پاسورڈ کے زریعے محفوظ کردیں۔

کلاؤڈ کا محفوظ استعمال

۴. **سیٹنگز:** آپ کلاؤڈپرووائڈر کی جانب سے مہیہ کی گئی سکیورٹی سیٹنگز کو سمجھیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کسی سے اپنے فولڈر کا اشتراک کرتے ہیں تو کیا وہ آپ کے علم میں لائے بغیر اُس فولڈر کا اشتراک کسی اور کے ساتھ کرسکتا ہے؟

۵. **اینٹی وائرس:** آپ اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ کے اپنے کمپیوٹر یا کسی بھی ایسے کمپیوٹر پر جس پر آپ کی معلومات کا اشتراک ہوا ہو، تازہ ترین اینٹی وائرس سافٹ ویئر انسٹال ہو۔ آپ جس فائل کا اشتراک کررہے ہیں، اگر وہ متاثر ہو جاتی ہے تو وہ تمام کمپیوٹرز بھی متاثر ہو سکتے ہیں جنہیں اُس فائل تک رسائی حاصل ہے۔

۶. **بیک اپ:** چاہے آپ کا کلاؤڈ پرووائڈر آپ کی معلومات کا بیک اپ لے بھی رہا ہو، آپ پھر بھی خود باقاعدگی سے بیک اپ لینے کے بارے میں سوچیں۔ اس سے نہ صرف آپ کی معلومات کی حفاظت ہوتی ہے بلکہ اگر آپ کے کلاؤڈ پرووائڈر کا کاروبار بند ہوجاتا ہے یا کسی وجہ سے معلومات تک رسائی آپ کے لیے ممکن نہیں ہوتی تو آپ کے لیے اپنے لوکل بیک اپ کے زریعے بڑی تعداد میں معلومات کو بازیاب کرنا قدر آسان ہوگا بجائے اس کے کہ آپ اُسے کلاؤڈ سے بازیاب کریں۔ آپ اس بات کی بھی تصدیق کریں کہ آپ کا کلاؤڈ پرووائڈر کس کثرت سے آپ کی فائلز کا بیک اپ لیتا ہے، کیا وہ آپ کو اپنی فائلز کے پرانے ورژنز ریکوئر کرنے کی اجازت دیتا ہے، اور وہ کتنے عرصے تک آپ کے بیک اپ کو دستیاب رکھتے ہیں؟

مزید جانیئے:

OUCH! کے ماہانہ سیکیورٹی تعلیم کے نیوز لیٹر کو سبسکرائب کریں، OUCH! archives تک رسائی حاصل کریں اور SANS سیکیورٹی سے مزید آگاہی کے لئے اس ویب سایٹ کا دورہ کریں http://www.securingthehuman.org (انگریزی میں)۔

اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یا ہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں۔

وسائل:

مضبوط پاس ورڈز: http://www.securingthehuman.org/ouch/2013#may2013

پاس ورڈ مینیجرز: http://www.securingthehuman.org/ouch/2013#october2013

بیک اپس: http://www.securingthehuman.org/ouch/2013#september2013

سکیورٹی اصطلاحات: http://www.securingthehuman.org/resources/security-terms

ایڈیٹوریل بورڈ: بل وے مین، والٹ اسکریونز، فل ہوفمن، لینس اسپٹزنر، کارمن رولی ہارڈی۔

ترجمہ: شعیب ہاشمی